مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

مترادفات القرآن مع فروق اللغویہ

امام راغب نے مفردات القرآن میں اس خواہش کا اظہار کیا
تھا کہ وہ قرآن میں عربی زبان کے مترادف الفاظ یکجا کر کے
ن کی تحقیق اور معانی میں جو باریک فرق پایا جاتا ہے اسے بالوضاحت بیان کریں گے"، یہ کام اپنی نوعیت
ے لحاظ سے منفرد اور حد درجہ حزم و احتیاط اور تحقیقی لحاظ سے دل گردے کا کام ہے قرآن کریم کے بہت
ے الفاظ کا اردو زبان میں صرف ایک ہی لفظ سے ترجمہ کر دیا جاتا ہے مثلاً خوف، خشیۃ، حذر، وجل،
جس، تقویٰ، اور رہب، وغیرہ ان سب الفاظ کا ترجمہ ڈرنا ہی لکھا جاتا ہے مگر ان سب الفاظ میں ذیلی فرق کیا
ہے؟ یہ اس موضوع پر مستقل اور جامع کتاب موجود نہیں تھی، امام راغب کی مفردات القرآن میں بعض مقامات
پر اشارے ملتے تھے ابو منصور عبدالملک بن محمد الثعالبی کی تصنیف "فقہ اللغۃ" میں یہ اشارے قدرے زیادہ
ں مگر ذیلی فرق کی توضیح میں تشنگی ختم نہیں ہوتی ابو ہلال عسکری کی تصنیف الفروق اللغویہ میں اگرچہ مترادفات
ا ذیلی فرق کیا گیا ہے مگر صرف دو الفاظ میں اور بعض اوقات تین الفاظ میں، مثلاً خوف اور خشیۃ کا فرق الگ،
وف اور رھبۃ کا الگ، خشیۃ اور شفقۃ کا الگ، تخویف اور انذار کا الگ، مگر جب ان سب الفاظ کو
کجا کر کے فرق بیان کرنا پڑے تو کافی الجھن ہوتی ہے دور جدید کی ایک کتاب مقاییس اللغۃ میں ایک
دہ کے بنیادی معنیٰ ایک کے بجائے دو یا تین پیش کر دیئے جاتے ہیں جس سے ذیلی فرق از خود سمجھ میں
جاتا ہے۔ ان کتابوں کے باوصف مترادفات میں فرق کرنا بہت زیادہ دقت نظر اور لغوی تحقیق کا متقاضی تھا
للہ پاک جزائے خیر دے مولانا عبدالرحمٰن کیلانی کو، جنہوں نے بہت محنت، عرق ریزی اور شبانہ روز محنت سے
ردو زبان میں اس سلسلہ علم و تحقیق کو آگے بڑھایا ہے اور اس میں وہ کامیاب رہے ہیں اساتذہ تفسیر،
طلبہ اور مترجمین اور مدرسین کے لیے ایک انمول تحقیقی تحفہ، اس سے استفادہ اور مطالعہ سے عربی
زبان کی وسعت، جامعیت قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت سے بھی حظ وافر ہوتا ہے مترادف الفاظ کا ذیلی فرق
ہن نشین کر لینے کے بعد مستفیدین یہ محسوس کرنے لگتے ہیں گویا قرآن کے نئے معانی اور مفہوم ان کے اذہان پر
ترتے ہیں اور وہ واقعۃً ایک لاجواب کتاب کی فصاحت و بلاغت سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، کوئی
مدرسہ، کتب خانہ اور لائبریری اس کتاب سے خالی نہیں ہونی چاہیئے ایک ہزار آٹھ صفحات کی یہ عمدہ کتاب
مضبوط جلد بندی، بہترین کتابت ۲۵۰ روپے میں مکتبہ اسلام وسن پورہ روڈ لاہور سے دستیاب ہے۔